Securities and Exchange Commission of Pakistan

Press Release

August 18, 2018
For immediate release

ایس ای سی پی کا روٹری کلب کے ممبران کے لئے آگہی ورکشاپ کا انعقاد

اسلام آباد(18 اگست)سیکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے سرمایہ کاروں کی آگہی کے پروگرام کے سلسلے میں اسلام آباد میٹروپالیٹن روٹری کلب کے ممبران کے لئے ایک آگہی ورکشاپ منعقد کی۔

کلب کی صدر فاخرہ خانم اور سیکٹری شوکت مقدم نے ایس ای سی پی کے انویسٹر ایجوکیشن پروگرام کی سربراہ خالدہ حبیب کو خوش آمدید کہا۔ خالدہ حبیب نے حاضرین کو ایس ای سی پی کے انویسٹر ایجوکیشن پرا گرام کے متعلق بریفنگ دی۔ کلب کے اراکین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ایس ای سی پی کے سفیر کے طور پر کام کریں گے اور سرمایہ کاری سے متعلق آگہی دیگر لوگوں تک پہنچائیں گے۔

ورکشاپ کے شرکاء کو ایس ای سی پی کے کردار اور ذمہ داریوں کے متعلق آگاہ کیا گیا اور ایس ای سی پی کے پروگرام جمع پونجی کے متعلق بریفنگ دی گئی اور سرمایہ کاری کے لئے موجود قانونی اور بہتر مواقع کے متعلق بتایا گیا۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ سٹاک مارکیٹ کے بارے میں علم نہ رکھنے والے افراد کے لئے براہ راست سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرنے کے بجائے میوچل فنڈز میں سرمایہ لگانا زیادہ محفوظ ہے جبکہ میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری پر ٹیکس کی چھوٹ بھی حاصل ہوتی ہے۔

ایس ای سی پی کا یہ آگہی سیشن خصوصی طور پر روٹری کلب کے اراکین اور عہدے داروں کے لئے منعقد کیا گیا۔ معاشرے کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد اس کلب کے ممبر ہیں جس کا مقصد معاشرے کے ضرورت مند افراد کو مدد فراہم کرنا ہے۔ ورکشاپ کے شرکاء کو سرمایہ کاری کرتے ضروری اختیاط کی باتوں کے بارے میں بتایا گیا اور آگاہ کیا گیا کہ سرمایہ کاری کرتے وقت کن باتوں سے پرہیز کرنا چاہیے۔ ملک کے دور دراز اور نظرانداز کئے گئے علاقوں میں مالی خواندگی اور آگہی فراہم کرنا ایس ای سی پی کا مقصد ہے۔

کلب کے اراکین نے ایس ای سی پی کی جمع پونجی مہم میں دلچسپی کا اظہار کیا اور اس دوران ایس ای سی پی کے نمائندگان اور شرکاء کے مابین مختلف امور پر تبادلۂ خیال ہوا۔ اسلام آباد میٹروپولیٹن روٹری کلب کے صدر نے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا اور تجویز دی کہ جمع پونجی کے سرمایہ کاری سے متعلق تعلیمی سیشن کا انعقاد ان کے روٹریکٹ کلب میں بھی کیا جانا چاہیے، جس کے اراکین کی عمر اٹھارہ تا تیس سال کے درمیان ہے۔ ایس ای سی پی کی انویسٹر ایجوکیشن پروگرام کی سربراہ خالدہ حبیب نے اس تجویز کو سراہا اور مالی آگہی اجاگر کرنے کے لئے مستقبل میں روٹری کے ساتھ تعاون کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk